لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۵ھ مطابق ۹ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء	جلد ۲۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت محصول چنگی	۱
۲	اضافہ بابو ستندر ناتھ صاحب	۲
۳	رخصت تجمل حسین خاں صاحب	؍؍
۴	اضافہ کنہیا لال سپاہ پولیس	؍؍
۵	عطاء اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول بمحمد عظمت اللہ خاں صاحب مجسٹریٹ درجہ دوم	؍؍
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۴ فروری سنہ ۱۹۱۷ء

مراتب مندرجہ رپورٹ کی منظوری دیجاتی ہے کاغذات برائے تقرری احکام واپس ہوں۔

دستخط خاص اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض

میر سانده

جناب عالی

بمعائنہ محرر مینہ ... فصل ... واضح ہوا کہ اکثر اشیا پیداوار ریاست و انگریزی ایسی ہیں

جنکا ٹھیکہ جداگانہ صیغہ مال وغیرہ میں نہیں ہے اور ان پر محصول نہیں لیا جاتا ہے اور بعض پر پیداوار ریاست ظاہر کرنے پر جھگڑا ہوتا ہے ایسی اشیا کا ایک نقشہ منسلکہ ہذا سپرنٹنڈنٹ چنگی نے پیش کیا ہے جسکی بابت حسب ذیل کمیٹی سے رائے پاس ہوئی۔

(۱) (مرچ نیم خشک) مرچ کا پیداوار تحصیل سوار میں زیادہ ہوتا ہے خشک مرچ پیداوار ریاست تحصیل سوار وغیرہ جو چونگی نینی تال دروازہ سے آتی ہے اسپر حسب سے محصول چنگی لیا جاتا ہے اور کرانہ کی شرح سے فی روپیہ آدہ آنہ کے حساب سے محصول وصول ہوتا ہے۔ سبز مرچ یا نیم خشک پیداوار ریاست پر بجائے آدہ آنہ فی روپیہ کے پاؤ آنہ فی روپیہ لیا جانا مناسب ہے۔

(۳) (خربوزہ۔ تربوز۔ گنا وغیرہ) پیداوار ریاست پر محصول نہ ہونا چاہیے علاقہ انگریزی سے جو ایسا مال لایا جائے اسپر محصول چنگی علاوہ آمد قدیم کے موافق لیا جائے

(۴) (کس ببول) ببول کا کس رنگ کے کام میں آتا ہے اور چمڑے میں پایا جاتا ہے فی روپیہ پاؤ آنہ محصول چنگی لینا مناسب ہے بموجب قانون چنگی ایسا مال اندر حدود میونسپلٹی لاکر فروخت کیا جائے یا بازہ گھنٹہ رہ کا جائے بموجب قانون چنگی محصول قابل وصول ہے اور جو اندر حدود میونسپلٹی گذر کر جائے تو روانہ نکاسی بموجب قانون چنگی چوکی بندی سے دیا جائے

(۶) (جنس پیداوار انگریزی) ایسی اشیا پر جنکا جداگانہ ٹھیکہ نہیں ہے محصول چنگی مقرر ہونا چاہیے جنس پیداوار انگریزی جو ایسی ہیں جنکا ٹھیکہ جداگانہ صیغہ مال وغیرہ سے ہے مثلاً آڑھت روغن زرد۔ آڑھت برگ تنبول۔ و آڑھت گنج وغیرہ دیگر چیزوں پر جس پر کوئی محصول نزولی نہیں ہے اور ریاست میں کسی جگہ پر محصول نہیں لیا جاتا ہے ایسی اجناس پیداوار انگریزی پر محصول چنگی حسب قانون چنگی لیا جانا مناسب ہے جس قسم کی جنس ہو اُسی شرح سے موافق فہرست مندرجہ قانون محصول لیا جائے۔ نمبر (۲) و (۵) کی نسبت آئندہ کمیٹی میں تجویز ہوگی۔ لہذا عرضداشت ہذا بغرض صدور حکم اجلاس ہمایوں پیش کیجاتی ہے جیسا ارشاد ہو تعمیل کیجائے۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

دستخط ... صاحب ... سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقعہ ۲۴ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

بنظر خوشنودی مزاج۔ بابو ستندر ناتھ دت اسسٹنٹ انجینیر تعمیرات کی تنخواہ موجودہ میں سابق سے مبلغ پچاس روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں فقط

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور رخصت مزید ایک ہفتہ منشی تجمل حسین خان نائب تحصیلدار بلاسپور کی بوجہ علالت منظور کی گئی۔

اضافہ

۲ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

حسب گذارش تحصیلدار صاحب حضور تحصیل سے کنہیا لال سیاہہ نویس حضور تحصیل شاہرہ وار عــــہ بارہ روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں بوجہ حسن انجام خدمات و محنت و مستعدی ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقعہ ۲ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

بحکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم کپتان محمد عظمت اللہ خان صاحب مجسٹریٹ درجہ دوم آبکاری کو اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول دیے جاتے ہیں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں ڈی او منسلک ہے فقط

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابتدائے ۲ اپریل لغایت ۸ اپریل ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ٹار			۷۰ ٹار	۷ ٹار	۸ ٹار	تحصیل شاہ آباد و ملک سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۱۲ ٹار			۱۲ ٹار	۱۲ ٹار	۱۲ ٹار	
نخود گندم آمیز	۱۳ ٹار			۱۳ ٹار	۱۲۰ ٹار	۱۳ ٹار	
کستہ	۱۳۰ ٹار			۱۴ ٹار	۱۳ ٹار	۱۳۰ ٹار	
ہسش	۸۰ ٹار			۱ ٹار	۷ ٹار	۸ ٹار	
مونگ	۸۰ ٹار			۷ ٹار	۵ ٹار	۹ ٹار	
مکا	۱۱ ٹار			۱۱ ٹار	۱۲ ٹار	۱۲ ٹار	
جئی	۱۳ ٹار			۱۲ ٹار	۱۱ ٹار	۱۴ ٹار	
گوجئی	۰			۰ ٹار	۱۱ ٹار	۱۲۰ ٹار	
مسور	۱۱ ٹار			ٹار	۵ ٹار	۱۰ ٹار	
ارہر	۱۰ ٹار				۸ ٹار	۰	
برنج	۷۰ ٹار			۸ ٹار	۸ ٹار	۸ ٹار	
روغن زرد	۰ر ٹار			۰ ٹار	۰ررر ٹار	۰ررر ٹار	
روغن سیاہ	۲۰ ٹار			ٹار	۲۰ ٹار	۲ ٹار	
روغن کنجد	۲ ٹار			ٹار	۲ ٹار	۲ ٹار	
نمک سانبھر	۱۰ ٹار			ٹار	۱۱ ٹار	۱۲ ٹار	
نمک لاہوری	ٹار			ٹار	۹ ٹار	۹ ٹار	
قند سیاہ	۵ ٹار			ٹار	۲ ٹار	۵ ٹار	
[illegible]	ٹار			۰	۱۰ ٹار	۰	